انٹری ٹیسٹ 2021 کے ایڈمٹ کارڈ کا حصول

ٹوکن برائے انٹری (داخلہ 2021) ٹیسٹ

انٹری ٹیسٹ ٹوکن حبیب بینک لمیٹڈ کی مختلف شاخوں سے مخصوص فیس دے کر حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔ یہ ٹوکن سکریچ کارڈ کی صورت میں ہیں۔ انہیں سکریچ کرنے سے ٹوکن نمبر ظاہر ہو جائے گا۔ یہ نمبر صرف ایک امیدوار کے لیئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

آن لائن ٹوکن نمبر حاصل کرنے کا طریقہ

اگر آپ نے ٹوکن حاصل نہیں کیا ہے تو آپ آن لائن ٹوکن نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ اسے حاصل کرنے کے لیئے:

1) ایڈمشن پورٹل admission.uet.edu.pk کو کھولیئے۔
2) "انٹری ٹیسٹ ٹوکن نمبر کے حصول کے لیئے" بٹن کو منتخب کریں۔
3) آپ سے آپ کا نام، ولدیت اور CNIC/B-form نمبر پوچھا جائے گا۔
4) معلومات درج کرنے کے بعد ایک چالان ظاہر ہو جائے گا۔
5) اس چالان پر سیریل نمبر اور چالان نمبر درج ہوگا۔
6) اس چالان کی فیس ادائیگی مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کسی ایک طرح کی جاسکتی ہے۔

i) حبیب بینک کی KONNECT ایپ کے ذریعہ

- KONNECT ایپ پر login کریں اور "LIFESTYLE" بٹن دبائیں۔
- مینیو کھلنے پر "EDUCATION" منتخب کریں
- مینیو کھلنے پر "SCHOOL FEE" منتخب کریں ۔ اس انتخاب کے بعد آپ کو تعلیمی اداروں کی لسٹ نظر آئیگی۔
- لسٹ میں "UET Lahore" کا انتخاب کریں اور اپنا چالان نمبر ٹائپ کریں۔
- آپ کو اپنا نام نظر آئے گا۔
- مخصوص فیس ادا کریں۔ جیسے ہی آپ کی فیس جمع ہوگی آپ کا چالان نمبر بحیثیت ٹوکن نمبر استعمال ہو سکے گا۔

ii) حبیب بینک کی آن لائن بینکنگ کے ذریعہ اگر آپ کا حبیب بینک میں اکاؤنٹ ہے

- حبیب بینک کے آن لائن بینکنگ میں login ہوں۔
- "MORE" کو منتخب کریں۔
- مینیو کھلنے پر "Bill Payment" کیٹیگری میں "EDUCATION" منتخب کریں۔ اس انتخاب کے بعد آپ کو تعلیمی اداروں کی لسٹ نظر آئے گی۔
- لسٹ میں "UET Lahore" کا انتخاب کریں اور چالان نمبر ٹائپ کریں۔
- آپ کو اپنا نام نظر آئے گا۔
- مخصوص فیس ادا کریں۔ جیسے ہی آپ کی فیس جمع ہوگی آپ کا چالان نمبر بحیثیت ٹوکن نمبر استعمال ہو سکے گا۔

ایڈمٹ کارڈ (Admit Card) کا حصول

آپ ٹوکن/چالان پر درج سیریل نمبر اور ٹوکن/چالان نمبر کی مدد سے admission.uet.edu.pk میں درج "انٹری ٹیسٹ ایڈمٹ کارڈ کا حصول" کا بٹن دبا کر اور مزید معلومات اور تصویر اپ لوڈ کر کے اپنا ایڈمٹ کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔

SPIRIT ACADEMY of Advanced Teaching Horizons SAATH کامیابی ہمارے ساتھ